© rasailojaraid.com

**فلسفۂ حرمتِ شراب** مؤلف: جناب سید تصدق بخاری ۔ ملنے کا پتہ: ادارۂ اسلامیات، انارکلی، لاہور ۔ رنگین سرورق کے ساتھ ۶۳ صفحات ۔ قیمت: ۶/ روپے

شراب کی حرمت کے دلائل و وجوہ شرعاً بھی بیان کیے گئے ہیں اور عقلاً بھی ۔ اسلاف کے اہم اقوال بھی ہیں ۔ اور جدید کی مثالیں بھی ۔ دیگر منشیات کے عدمِ جواز کو بھی واضح کیا ہے ۔ ص ۵۰ پر حرمتِ شراب کی سات قرآنی دلیلیں بیان ہوئی ہیں ۔ پھر احادیث لائی گئی ہیں ۔

---

**کتابت اور تدوینِ حدیث** تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی ۔ افتتاحیہ مولانا سمیع الحق ۔ ناشر: مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ ۔ اکوڑہ خٹک، ضلع پشاور ۔ قیمت ۷/ روپے

ایک معروف دینی ادارے سے ایک ممتاز عالمِ دین سے احادیث کی کتابت اور تدوین کے متعلق ۴۸ صفحے کا یہ بہت اچھا پمفلٹ ہے ۔

مستشرقین سے حاصل کر کے ہمارے ہاں کے شریعت گریز مخالفینِ سنّت نے یہ اعتراض اٹھایا ہے کہ کتابت و تدوینِ احادیث تو بعد کی بات ہے، بلکہ یہ کہ حدیثیں تو بعد کی دو صدیوں میں گھڑی گئی ہیں ۔ مولانا عبدالقیوم نے اسی کا مدلل جواب دیا ہے ۔

---

**کفیلِ محمدؐ** از جناب غلام نبی مسلم بی اے ۔ ناشر: ادارہ علم القرآن ۔ ۱۰ ۔ عینک محل، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور ۔ قیمت: نامعلوم ۔

یہ مختصر کتاب بڑی دلچسپ ہے ۔ اس کے مولف کے قلم نے پچھلی تاریخ کے دھارے کو موڑ کر دکھایا دکھایا ہے ۔ دیگر متفرق مسائل کو جانے دیں ۔ اصل مسئلہ یہ ہدفِ نظر ہے کہ جناب ابوطالب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کفیل نہ تھے بلکہ آپ کے بڑے چچا (تایا) زبیر تھے ۔ مزید یہ کہ حضورؐ خود ابوطالب اور ان کی اولاد کے کفیل رہے ہیں ۔ خاص اہمیت ڈاکٹر محمد اسلم (فاضل تاریخ) کے پیش لفظ کو حاصل ہے ۔ ان کا فرمان ہے کہ خیر القرون کی تاریخ کے تیئیس میں سے اکتیس مؤرخ یا تو مجوسی النسل عجمی ہیں یا وہ سبائی پروپیگنڈا سے متاثر نظر آتے ہیں ۔

بہر حال ایسے مباحث پہ غور و تحقیق کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے ۔

© rasailojaraid.com